01/06/2026

07.40 PM

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

خبرنامہ لےکر میں تجمل احمد

پہلے اہم خبروں کی سرخیاں ۔

ہیڈ لائنز

*....... وزیر اعظم اور میانمار کے صدر کے درمیان دوطرفہ میٹنگ کاا نعقاد// اہم شعبوں میں شراکت داری کو بڑھاوا دینے کیلئے تبادلہ خیال۔

*.......لیفٹننٹ گورنر کی قیادت میں کولگام میں پد یاترا منعقد// منشیات کا خاتمہ کرنے کا دہرایا عزم۔

*.......حجاج کرام کا سامان ان کے ہمراہ ہی وطن پہنچایاجائے //وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ کا شہری ہواز بازی کے مرکزی وزیر کو مکتوب

اور

*....... جموں کشمیر اورلداخ ہائی کورٹ کے چیف جسٹس کے اعزاز میں فُل کورٹ ریفرنس منعقد۔

مودی ملاقات

وزیر اعطم نریندر مودی نے میانمار کے صدر U Min Aung Hlaing کے ساتھ دو طرفہ میٹنگ کر کے دونوں ملکوں کے مابین رشتوں کو مزید مستحکم کرنے سے متعلق امور پر تبادلہ خیال کیا۔

اس دوران سکیورٹی اور connectivity جیسے سیکٹروں میں اشتر اک بڑھانے پر خصوصی توجہ مرکوز کی گئی۔ میانمار کے صدر آج راشٹری پتی بھون میں صدر جمہوریہ دروپدی مرمو سے بھی ملاقات کر رہے ہیں۔

ایل جی کولگام

لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا نے کہا ہے کہ ہمیں جموں کشمیر کو نشہ مکت بنانے کے لئے منظم اور متحد ہو کر کام کرنا چاہیے نیز ہمیں نوجوان پود کی حوصلہ افزائی کر کے اپنے افراد خانہ کو اس لعنت سے بچا نا چاہیے۔

آج کولگام میں نشہ مکت جموں کشمیر ابھیان کے تحت ایک پد یاترا کو جھنڈی دکھا کر روانہ کرنے سے پہلے تقریب سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ یہ مہم لوگوں کی مہم ہے اور والدین، اساتذہ، مذہبی لیڈروں اور رضا کاروں نے51روز پہلے شروع کی گئی اس مہم میں انتظامیہ کے ساتھ شانہ بہ شانہ کام کیا۔

....LG.......

ایل جی نشہ

واضع رہے کہ11 اپریل کو شروع کئے گئے اس ابھیان کے تحت اب تک ڈرگ سمگلروں کے خلاف 923ایف آئی آر درج کئے گئے 668 ڈرائیورنگ لائسنس رد کئے گئے اور ایک ہزار سے زائد ڈرگ سمگلروں کو گرفتار کیا گیا ۔ منشیات سے متعلق لیفٹنٹ گورنر کا یہ پیغام۔

LG

جموں کشمیر میں نوجوان نسل کو اس بدعت سے چھٹکارا دلانے کے لئے لازمی اقدامات کے بارے میں ایک طالبہ سید مُزینہ معراج نے آکاشوانی نیوز سرینگر کے ساتھ بات کرتے ہوئے کہا۔

....Muzeena.......

پولیس

جمونکشمیر پولیس نے بھی اپنی کارروائیوں کا جاری رکھتے ہوئے بارہمولہ اور ہندواڑہ میں چار مزید سمگلروں کو گرفتار کر لیا ہے۔ جبکہ اننت ناگ میں نذیر احمد ڈار نامی بوٹینگو علاقے کے ایک بد نام زمانہ سمگلرکے ایک تجارتی کمپلیکس کو منہدم کیا گیا ۔

اس دوران بارہمولہ ،سوپور،اونتی پورہ، بجبہاڑہ اور دیگر کئی مقامات پر پولیس کی طرف نشہ مکت جموں کشمیر ابھیان کے تحت مختلف سرگرمیوں کا انعقاد کرکے عوام میں نشے کے خلاف بیداری پیدا کی گئی۔

کچھ دیگر مقامات پر نشہ آور فصلوں کو بھی تباہ کیا گیا ۔

حجاج کرام

سعودی عرب میں فریضہ حج ادا کرنے کے بعد جموں کشمیر کے حجاج کرام کی واپسی کا سلسلہ کل سے شروع ہورہا ہے۔

اس بارے میں جموں کشمیر حج کمیٹی کے ایگزیکیوٹیو آفیسر شجاعت احمد قریشی نے کہا کہ سفر محمود سے آنے والے جموں و کشمیر کے حجاج کرام کی واپسی کے سلسلے میں تمام تیاریاں اور انتظامات مکمل ہیں۔

........Dr. Shujat...........

سی ایم حجاج

وزیر اعلیٰ نے جموں کشمیر سے تعلق رکھنے والے حجاج کرام کی سعودی عرب سے واپسی کے دوران کا سامان حجاج کے ساتھ ہی لانے کے عمل میں آرہی دشواریوں کا معاملہ شہری ہوا بازی کے مرکزی وزیر Kinjarapu Ram Mohan Naidu کے ساتھ اُٹھایاہے۔

وزیر اعلیٰ نے حجاج کرام کا سامان اُسی پرواز میں سرینگر میں پہنچانے کی ضرورت اجا گر کی ہے ، جس میں یہ حجاج خود سرینگر تک سفر کرنے والے ہوں۔

اس بارے میں وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے شہری ہوا بازی کے مرکزی وزیرکو ایک مکتوب لکھا ہے۔

سی ایم ملاقات

درینا ثنا آج سرینگر مینمتعدد ارکان قانون سازیہ، وزیر اعلیٰ عمر عبد اللہ سے ملاقی ہوئے اور اُنہیں اپنے اپنے حلقوں کی ترقیاتی ضروریات اور لوگوں کو در پیش مسائل سے آگاہ کیا۔

ان میں ایم ایل اے بانڈی پورہ نظام الدین بٹ اور ایم ایل اے بیروہ ڈاکٹر شفیع احمد وانی شامل ہیں۔

وزیر اعلیٰ نے انہیں یقین دلایا کہ اُجاگر کئے گئے تمام مسائل کو مرحلہ وار طریقہ پر حل کیا جائے گا۔

اسی دوران وزیر اعلیٰ نے آج سرکٹ ہاؤ س چرچ لین سرینگر میں نو تعمیر شدہ ایک اقامتی عمارت کا افتتاح کیا ۔ یہ تین منزلہ عمارت محکمہ تعمیرات عامہ نے 781لاکھ روپے کی لاگت سے تعمیر کی ہے ۔ اس موقعے پر نائب وزیر اعلیٰ سریندر چودھری اور دیگر سینئر عہدیدار بھی موجود تھے۔

ستیش شرما

سائنس و ٹیکنالوجی اور کھیل کود کے وزیر ستیش شرما نے کہا ہے کہ سرکار مختلف چلینجوں کے باوجود سیاحتی سیکٹر میں نئے مواقعے پیدا کر رہی ہے ۔

جموں کشمیر بزنس کنکلیو 2026سے خطاب کرتے ہوئے وزیر موصوف نے کہا کہ جغرافیائی اور موسمی چلینجوں کے باوجود جمو ں کشمیر سرمایہ کاری ، کارخانہ داری اور روزگار کیلئے ایک بہترین مقام ہے ۔

انہوننے کہا کہ سرکار جموں کشمیر کو ایک فعال ترین ٹور ازم کے مرکز میں بدلنے کی سمت میں کام کر رہی ہے ۔

جاوید ڈار

زراعت کے وزیر جاوید احمد ڈار نے آج سرینگر میں ایک میٹنگ کے دوران جموں کشمیر میں کسان گھروں کے کام کاج اور دیگر پہلوؤں کا جائزہ لیا۔

وزیر موصوف نے افسروں کوہدایت دی کہ وہ نئی دلی اور کولکتہ میں موجود کسان گھروں کی تجدید کاری کیلئے فوری اقدامات کریں ۔ انہوننے کہا کہ یہ ادارے کسانوں کے معیار حیات میں بہتری لانے میناہم رول ادا کرتے ہیں۔

سپیکر اسمبلی

قانون ساز اسمبلی کے سپیکر عبد الرحیم راتھر نے آ ج سرینگر میں مختلف اسمبلی کمیٹیوں کے چیر مینون کے ساتھ ایک میٹنگ کی اور انہیں ان کے کام کاج اور انکی ذمہ داریوں سے روشناس کرایا۔

اس موقعے پر سپیکر موصوف نے کہا کہ اسمبلی کی کمیٹیاں سرکاری سکیموں کی عمل آوری ، رقومات کے منصفانہ تصرف اور دیگر پہلوؤں میں جواب دہی لانے میں کلیدی رول ادا کرتے ہے۔

سینسس

میں آٹھوں Enumeration جموں کشمیر یوٹی نے پورے ملک میں سینسس2027 کے تحت سیلف مقام حاصل کیا ہے اور یو ٹی میں اب تک 6لاکھ67ہزار گھروں نے رضا کارانہ طو ر پر سرکاری پورٹل پر سینسس تفاصیل جمع کرائی ہے ۔

یہ جانکاری جموں و کشمیر اور لداخ کے چیف پرنسپل سینسس آفیسر اور ڈائریکٹر سینسس آپریشنز امت شرما نے جموں میں میڈیا کے ساتھ بات کرتے ہوئے دی۔ انہوننے جموں کشمیرکے تمام لوگوں سے اپیل کی کہ وہ ایک ماہ طویل سینسس عمل کے دوران اینمریٹروں اور سپروائزروں کے ساتھ بھر پور تعاون کریں ۔

کھیت بچاؤ

ملک بھر میں آج سے کھیت بچاؤ ابھیان کا آغاز ہوا ہے ۔ زراعت کے مرکزی وزیر شو راج سنگھ چوہان نے مدھیہ پردیش سے ایک ماہ تک چلنے والے اس ابھیان کی شروعات کی ۔

اس پہل کے بارے میں اپنے پیغام میں وزیر موصوف نے کہا۔

........Shivraj...........

کھیت بچاؤ ابھیان کے سلسلے میں بانڈی پورہ سمیت وادی کے دیگر کئی اضلاع میں بھی افتتاحی پروگراموں کا انعقاد ہوا ۔

وحید الرحمان

پلوامہ وحید الرحمان پرہ نے آج پلوامہ قصبے کے علاوہ اپنے اسمبلی حلقے کے درجن بھر MLA گاؤوں کا دورہ کرکے وہاں جاری تعمیر و ترقی اور بنیادی ڈھانچے نیز آبپاشی کی سہولیات کا بر سر موقعہ جائزہ لیا۔

انہوں نے سبھی ترقیاتی کاموں کی بر وقت تکمیل یقینی بنانے پر زور دیا ۔

بریک

یہ خبر یں آپ آکاشوانی سرینگر سے سُن رہے ہیں۔ خبر ینآپ آکاشو انی کے موبا ئیل اپلیکشن پربھی سما عت کر سکتے ہیں۔ DTH اور AIR نیوز آن

ہمارے خبروں کے بلیٹن اور نیوز روم کے پروگراموں ، ڈسٹرکٹ نیوز لیٹر، نئی منزلیں اور شہر شہر منظر کے بارے میں آپ اپنا فیڈ بیک ہمارے ای میل ایڈریس Radiokashmir@gmail.com پر بھیج سکتے ہیں ۔

-----

ہائی کورٹ

کے اعزاز Arun Palli جموں کشمیر اور لداخ ہائی کورٹ کی سرینگر شاخ میں آج چیف جسٹس کوسپریم کورٹ آف Arun Palli میں فل کورٹ ریفرنس کا انعقاد کیا گیا ۔ واضع رہے کہ جسٹس

انڈیا کے جج کی حیثیت سے ترقی دی گئی ہے۔اس موقعے پر جموں کشمیر لداخ ہائی کورٹ کے سبھی جج صاحبان کے علاوہ عدلیہ ، پولیس و انتظامیہ کے کئی اعلیٰ افسران بھی موجود تھے۔

تقریب پر جسٹس سنجیو کمار نے الوداعی خطبہ پیش کیا اور چیف جسٹس کے بے مثال جوڈیشل کیرئیر اور قائدانہ صلاحیتوں کو اجاگر کیا۔ چیف جسٹس نے اس موقعے پر تما م جج صاحبان ، وکلاءاور دیگر عملے کا شکریہ ادا کیا۔

بعد میں سکیورٹی اہلکاروں نے ان کے اعزاز میں گارڈ آف آنر بھی پیش کیا۔

این سی

نیشنل کانفرنس خواتین ونگ جموں کا ایک روزہ کنوینشن آج جموں میں ونگ کی صدر ایڈوکیٹ شمیمہ فردوس کی صدارت مینمنعقد ہوا۔ اس موقعے پر انہوں نے کہا کہ پارٹی نے ہمیشہ خواتین کو با اختیار بنانے کیلئے تاریخی اقدامات کئے ہیں۔انہوننے کہا کہ موجودہ حکومت نے پچھلے ڈیڑھ برس کے دوران سماج کے ہر ایک طبقے کی بہبودی کیلئے کام کئے ۔

اِدھر نیشنل کانفرنس کے صوبائی صدر کشمیر ایڈوکیٹ شوکت احمد میر نے آج سرینگر مینپارٹی ہیڈ کواٹر پر کارکنوں سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ تعلیم ، سماجی انصاف، دیہی ترقی ، بجلی ، پانی ، زراعت اور دیگر شعبونمیں مثبت بدلاؤ لانے کیلئے حکومت خاطر خواہ اقدامات کر رہی ہے ۔ انہوننے پارٹی کارکنوں پر زور دیا کہ وہ زمینی سطح پر پارٹی کو مضبوط کرنے کیلئے کام کریں۔

شاہین

جنتا دل یونائٹیڈ جموں کشمیر کے صدر جی ایم شاہین کی قیادت والے ایک وفد نے آج چیف سیکریٹری اٹل ڈلو کے ساتھ سرینگر میں ملاقات کی اور جموں کشمیر کو در پیش کئی ترقیاتی چلینجوں اور مسائل سے انہیں آگاہ کیا ۔

انہوں نے انتظامیہ پر زور دیا کہ وہ لوگوں کی راحت رسانی کیلئے ہر طرح کے اقدامات کریں ۔

ستیش ومل

جموں کشمیر اکیڈمی آف آرٹ کلچر اینڈ لنگویجز کی طرف سے آکاشوانی سرینگر کے آڈیٹوریم میں کل دو پہر دو بجے معروف براڈ کاسٹر ادیب اور شاعر ڈاکٹر ستیش وِمل کے ساتھ Meet the Eminent Writer عنوان کے تحت ایک ملاقات کا اہتمام کیا ہے ۔

TET

کے تعلق Teachers Eligiblity Test جموں کشمیر سے تعلق رکھنے والے اساتذہ برادری میں TET سے کافی تشویش پائی جا رہی ہیں۔ جموں کشمیر ٹیچرس فورم نے کہا ہے کہ اس مرحلے پر منعقد کرنے سے اساتذہ کے مفادات کو زک پہنچ سکتی ہے۔

اس معاملے کو لے کر جموں کشمیر ٹیچرس فورم کے چئیرمین شوکت علی بیگ نے آکاشوانی نیوز سرینگر کے ساتھ بات کرتے ہوئے کہا۔

-----Showkat------

اس معاملے پر ایک سینئر اور سٹیٹ ایوارڈ یافتہ استاد جاوید جواد نے کہا ۔

-----Javid Jawad------

12سال

حکومت کے 12 برس مکمل ہوئے ہیں ۔ مرکزی سرکار نے اس دوران وزیر NDA مرکز میں اعظم نریندر مودی کی قیادت میں عام لوگوں کی فلاح و بہبود کیلئے متعدد سکیمیں شروع کینجن میں آیوشمان بھارت یوجنا بھی شامل ہے ۔

پورے ملک میں بڑے پیمانے پر لوگ اس سکیم سے استفادہ کر کے طبی نگہداشت کی معیاری سہولیات حاصل کر رہے ہیں۔ اس بارے میں ایک شہری نے آکاشوانی نیوز سرینگر کے ساتھ بات کرتے ہوئے کہا۔

مانسبل

ولر مانسبل ڈیولپمنٹ اتھارٹی نے آج سول ڈیفنس ڈیپارٹمنٹ سرینگر کے اشتراک سے ناگہانی آفا ت سے نمٹنے کی تیاریوں اور لوگوں کے تحفظ سے متعلق بیداری پیدا کرنے کیلئے ایک خصوصی تربیت کا انعقاد کیا ۔

ڈاکٹر احسان الحق چشتی نے اس طرح کے تربیتی CEO اس موقعے پر اتھارٹی کے پروگراموں کی اہمیت کو اجا گر کیا ۔

سواندھی

سوا ندھی اسکیم کے 6برس مکمل ہو گئے ہیں ۔ وزیر اعظم نریندر مودی نے ملک بھر میں PM ریڈے بانوں کے معیار حیات میں مثبت تبدیلی لانے میں اس اسکیم کی اہمیت کو اجا گر کیا ہے ۔

ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں وزیر اعظم نے کہا کہ اسکیم کی بدولت اس طبقے کے مستحقین کو آسان شرحوں پر قرضے فراہم ہوتے ہیں۔

مہوترا

سوا ندھی اسکیم نے PM کے میڈیا انچارج ڈاکٹر پردیپ مہوترا نے کہا ہے کہBJP دریں اثنا پردیش لاکھوں خوانچہ فروشوں کو ایک کلیدی تعاون فراہم کیا ہے جس کی بدولت وہ اپنا کام کرکے ملک کی معیشت میں اپنا کردار ادا کرتے ہیں۔

ایک بیان میں انہوننے کہا ہے کہ خوانچہ فروش بھارت کی معیشت اور سماجی تانے بانے کا ایک اہم حصہ ہیں۔

کرائم برانچ

کرائم برانچ جموں کشمیر کی اکنامک آفنسز ونگ نے خوشی پورہ ایچ ایم ٹی سرینگر میں اراضی کے گھپلے کے ایک معاملے مینمبینہ طورملوث دو قصور واروں کو گرفتار کیا ہے ۔

معراج الدین کھانڈے اور شبیر احمد کھانڈے نامی ان دو ملزموں اور اُس وقت کے پٹواری کے خلاف چیف جوڈیشل مجسٹریٹ سرینگر کی عدالت میں چارج شیٹ داخل کی گئی ہے۔

محمد حنیفہ

لداخ کے ممبر پارلیمنٹ حاجی محمد حنیفہ نے آج سرینگر میں وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ کے ساتھ ملاقات کی۔ ان کے ہمراہ لداخ میں کام کر رہے ملازمین کے نمائندوں کا ایک وفد اور کرگل پرائیوٹ اسکول ایسو سی ایشن کے کئی ارکان بھی تھے ۔

انہوننے وزیر اعلیٰ کو تعلیمی شعبے نیز ملازمین کو در پیش معاملات سے آگاہ کیا ۔

ریلوے

اب ریل سے متعلق یہ خبر

ناردرن ریلوے کے جموں ڈویژن نے مئی مہینے کے دوران بغیر ٹکٹ سفر کرنے والے مسافروں کے خلاف 12ہزار693 معاملات درج کئے اور قصور واروں سے 66لاکھ 165روپے کا جرمانہ وصول کیا ۔

سینئر ڈویژنل کمرشل منیجر جموں اُچت سنگل نے کہا کہ بغیر ٹکٹ سفر کرنے سے ایک طرف ریلویز کو مالی نقصان سے دو چار ہو نا پڑ رہا ہے اور دوسری طرف صحیح ٹکٹ پر سفر کرنے والوں کو بھی مشکلات کا سامنا کرنا پڑتا ہے ۔

موسم

محکمہ موسمیات کے مطابق جموں کشمیر میں اگلے 24گھنٹوں کے دوران کہیں کہیں پرگرج چمک کے ساتھ ہلکی بوندا باندی کا امکان ہے ۔

سرینگرمیں آج دن کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت31 اعشاریہ1ڈگری جبکہ کل رات کا کم سے کم درجہ حرارت16 اعشاریہ5ڈگری سیلسیس ریکارڈ کیا گیا۔

جمونمیں آج دن کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت 35 اعشاریہ9ڈگری جبکہ کل رات کا کم سے کم درجہ حرارت 24 اعشاریہ1 ڈگری سیلسیس درج کیا گیا۔

سرینگر میں کل طلو ع آفتاب صبح5بجکر 20 منٹ اور غروب آفتاب شام7 بجکر38منٹ پر ہو گا۔

اس کے ساتھ ہی خبر نامہ ختم ہوا۔

اگلا خبر نامہ کل صبح 7.45 منٹ پر کشمیری میں نشر ہو گا ۔

خدا حافظ۔